پریس ریلیز

بزنس سٹرکچر اور بزنس ماڈل کی ڈویلپمنٹ کیلئے دی بینک آف پنجاب اور ایکسیم بینک آف پاکستان لمیٹڈ کے مابین یاداشت پر دستخط

دی بینک آف پنجاب اور ایکسیم بینک آف پاکستان لمیٹڈ کے مابین ایکسیم بینک کیلئے بزنس سٹرکچر اور بزنس ماڈل کی ڈویلپمنٹ کیلئے یاداشت پر دستخط ۔ یاداشت کے تحت بی او پی اور ایکسیم باہمی اور کثیر الجہتی اداروں کے ساتھ اپنی پراڈکٹ اور سروسز پلیٹ فارم کی تشکیل اور ملک کی تمام بڑی چیمبر آف کامرس و مالیاتی اداروں کیلئے پیشکش کے امکانات پر کام کریں گے۔

بی او پی کی جانب سے گروپ ہیڈ، ٹریثری اینڈ ایف آئی اور ایکسیم بینک کی جانب سے سینئر جوائنٹ ڈائریکٹر ایکسیم بینک لمیٹڈ نے دی بینک آف پنجاب کے صدر ظفر مسعود کی موجودگی میں معاہدے دستخط کیے۔ معاہدے کی تقریب بینک آف پنجاب کے ہیڈ آفس لاہور میں 10 مارچ کو منعقد ہوئی۔

یاداشت کا مقصد بی او پی کی جانب سے ایکسیم بینک کو آئی ٹی انفراسٹرکچر ڈویلپمنٹ کیلئے تکنیکی مدد، بینکنگ کی حکمت عملی ترتیب دینے، اور ان کی جانب سے مارکیٹ میں لانے والی انشورنس کی حتمی حکمت عملی ترتیب دینے میں مدد فراہم کرنا ہے۔ سٹیٹ بینک آف پاکستان کے ساتھ مل کر ایکسیم بینک کی ضروریات کے کیلئے ضابطہ اور نئے برآمداتی مواقع کی تشکیل کے مینڈیٹ ضروریات سے ہم آہنگ ہونا ہے اور ایکسیم بینک کو آپریشنل کرنے کیلئے متعلقہ فریقین کی مشاورت سے قومی ڈسٹری بیوشن نیٹ ورک کا قیام شامل ہے۔

اس موقع پر دی بینک آف پنجاب کے صدر ظفر مسعود نے بی او پی کی جانب سے ایکسیم بینک کیلئے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کروائی۔ انھوں نے کہا دونوں اداروں کے مابین تعاون سے چھوٹے اور بڑے برآمدکنندگان کی مدد کے ساتھ ساتھ براہ راست ملک کی معاشی ترقی میں کردار ادا کر کے ہمارے عزم کا اعادہ کرے گا۔ ایکسیم بینک کے صدر اور سی ای او عرفان بخاری نے ایکسیم بینک کے لاجسٹک فریم ورک کی تشکیل کیلئے متعلقہ فریقین اور ریگولیٹری اتھارٹیوں سے ربط پر بی او پی کے صدر ظفر مسعود اور بی او پی کی ٹیم کا شکریہ ادا کیا۔

دونوں اداروں کی سینئر مینجمنٹ ٹیم نے رسک فریم ورک اور ایکسپورٹ ماڈل کی تشکیل پر تبادلہ خیال کیا۔ دونوں ٹیموں نے کاروبار میں قیادت، اشتراک، برآمد کے لیے مصنوعات کے تعین کے ساتھ ساتھ برآمد کیلئے منڈیوں کی شناخت پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ دی بینک آف پنجاب اور ایکسیم بینک لمیٹڈ کی ٹیم نے کامیابی سے اس سنگ میل کو عبور کرنے پر ایک دوسرے کو مبارکباد دی۔